(یوپی اردو اکیڈمی سے انعام یافتہ)

اودھی کے بے مثال شاعر ملک محمدؐ جائسی کی لاجواب تصنیف

"پدماوت" کی مختصر فرہنگ

مولف

محمد انصار اللہ

ایم اے، پی ایچ ڈی

۱۹۷۸ء

تعداد ۵۰۰

مطبع لیتھو کلر پرنٹرس، علی گڑھ

اشاعتِ اول ۱۹۷۲ء

اشاعتِ دوم ۱۹۷۸ء

قیمت مجلّد بارہ روپے

ملنے کے پتے:

۱- بیت الابصار، ۴/۵۸۵ سر سید نگر، علی گڑھ

۲- مکتبۂ جامعہ، شمشاد مارکیٹ، علی گڑھ

تعارف

ڈاکٹر محمد انصار اللہ نے پہلی بار یہ دعوا کیا ہے کہ اُردو کا قدیم ترین مأخذ اودھی ہے۔ اُنھوں نے اپنی بات کی اہمیت کو واضح کرنے سے پہلے یہ عیاں کیا ہے کہ اردو کے ماہرینِ لسانیات نے کس طرح نہ تو اودھی کے قدیم سرمایہ کا اعتراف کیا ہے اور نہ اِس زبان کے اثرات کو سمجھنے کی کوشش ہی کی ہے۔ اِس لیے اصل مأخذ کے سلسلے میں خاصے تسامحات ہیں۔

اِس حقیقت کو مورخین نے اب تک نظر انداز کیا ہے کہ شمالی ہند میں (مالابار اور سندھ کو چھوڑ کر) مسلمانوں نے سب سے پہلے جس علاقے کا انتخاب اپنے وطن کے طور پر کیا وہ اودھ کا علاقہ تھا۔ جب محمود غزنوی نے

ہندوستان پر حملوں کا سلسلہ شروع کیا تو اُس نے عموماً مغربی
اور جنوب مغربی ہند کو اپنی توجہ کا مرکز بنایا لیکن اُس کے
درویش صفت بہنوی سید سالار نے شمال مشرقی علاقہ
کی طرف رخ کیا۔ جب محمود غزنوی نے اپنے بھانجے اور سید
ساہو سالار کے فرزندِ رشید سید مسعود سالار غازی شہید
کو وزیرِاعظم بنانے کے لیے واپس بلایا اور اِس عرصے
میں کہ اُن دونوں کی غزنی واپسی ہو محمود غزنوی نے اپنا
ارادہ بدل دیا اور موخرالذکر کو اپنی بدگمانیوں کی بنا پر قتل
کر ڈالنے کا فیصلہ کرلیا۔ اِس کی خبر جب سید ساہو سالار
کو ہوی تو اُنھوں نے اپنی فوج کو مسلسل آگے بڑھتے
جانے کا حکم دیا یہاں تک کہ گومتی پار کر کے ریٹھ ندی کے
ساحل پر ست رشیوں سے برد آزما ہوے، فتح حاصل کی
اور یہیں سکونت پذیر ہو گیے۔ میدانِ کارزار کا نام اب بھی
ظفرپور ہے اور 'ست رشی' کی رعایت سے اُن کے وطنِ ثانی
کا نام اب 'سترکھ' (ضلع بارہ بنکی) ہے مسلمان سکونت پذیروں
کی زبان رفتہ رفتہ اودھی ہوی۔ چنانچہ اب بیشتر شرفاے
اودھ کی زبان اودھی ہے اور شیخ نصیر الدین چراغِ دہلی،
عبد القدوس ردولوی، شیخ بھولن وغیرہ جن سے اودھی
کے ابتدای نمونے منسوب ہیں سترکھ کے قرب و جوار

کے علاقوں سے ہی تعلق رکھتے تھے۔ شیوخِ اودھ چونکہ ہمیشہ سرکش رہے ہیں مغلوں سے لے کر صفویوں تک نے اُن سے عناد و تحقیر کا رویّہ روا رکھا۔ اِسی رویّہ کا نتیجہ ہے کہ تاریخ میں اُنھیں نظرانداز کیا گیا ورنہ حقیقت یہ ہے کہ سترکھ کے مقابلے میں دہلی اور لکھنو نومولود ہیں۔ یہ صحیح ہے کہ اِن دونوں مراکز کے اثرات اردو پر بہت پڑے لیکن سب سے پہلا اور اہم اثر اودھ کا ہی پڑا۔ یہ میرا یقین رہا ہے اور اِس کی تصدیق مجھے ڈاکٹر محمد انصار اللہ کی تحقیق سے اب حاصل ہوی۔

(نظریہ کی تقدیم ڈاکٹر محمد انصار اللہ کے لیے ہے)

ہمیں ڈاکٹر محمد انصار اللہ کی فکر کا اعتراف کرنا چاہیے کہ اُنھوں نے اردو کے قدیم ترین مأخذ کی طرف اہم اشارہ کیا ہے۔ اگر اُنھوں نے اِس سلسلے میں اپنی فکر و کاوش کو جاری رکھا تو یقین ہے کہ وہ اِس باب میں ناقابلِ فراموش اضافہ کرینگے۔

یہ کتاب پدماوت کی فرہنگ تو ہے ہی، یہ اودھی کی ایک اہم فرہنگ بھی ہے اِس لیے اِس کی اِفادیت اور اہمیت مسلّم ہے۔

(ڈاکٹر) ابنِ فرید

سوشیالوجی ڈپارٹمنٹ
مسلم یونیورسٹی، علی گڑھ

اعتراف

"پدماوت کی مختصر فرہنگ" موصول ہوی۔
اِس تحفے کے لیے ممنون ہوں۔
آپ نے بڑی جرأت سے کام لے کر
متنازعہ فیہ مسائل پر قلم اٹھایا ہے۔
یہ کام واقعی توجہ کا مستحق ہے۔"

(ڈاکٹر) حکم چند نیر
صدر شعبۂ اردو
بنارس ہندو یونیورسٹی بنارس

انتساب

جناب جگبیر پرشاد استھانا (پی آئی اِس)

کے نام

جن کی اجازت اور عنایت سے مجھے تحصیلِ علم کے مواقع ملے

8, Faizabad Road

Lucknow

23.10.68

My dear Ansar Ullah,

.........It is so good of you to have thought of me and in such affetionate terms, Please accept my congratulations on your success in your maiden venture. I hope, wish and pray that your book may be acclaimed in the concerning circles and be the precursor of many more books to came from your pen....

Yours Sincerely

J. P. Asthana

عرضِ حال

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"جب پرنسپل عبداللہ یوسف علی نے مجھ سے اُردو کے آغاز اور قدامت کے موضوع پر لکھنے کے لیے ارشاد کیا تو میں نے اُن سے عرض کی تھی کہ مضمون اگرچہ دلچسپ ہے لیکن اس پر ہماری موجودہ معلومات کی روشنی میں قلم اُٹھانا قبل از وقت معلوم ہوتا ہے اور صحیح اطلاعات کی بہم رسانی کے لیے شاید ابھی ایک عرصہ درکار ہوگا" (پنجاب میں اُردو ص ۱۷)

حافظ محمود خاں شیرانی کی تحقیقی بصیرت مسلّم ہے لیکن اقتباسِ بالا میں انھوں نے جو فرمایا ہے قابلِ قبول معلوم نہیں ہوتا۔ مواد کی کمی نہ جب تھی اور نہ اب اس میں کوئی بڑا غیر معمولی اضافہ ہوگیا ہے۔ اس بات کی ضرورت جب بھی تھی اور اب بھی ہے کہ موضوع سے متعلق زیادہ غور و فکر کیا جائے۔ قیاسات اور روایات کے بجائے واقعات پر نظر کی جائے۔ یہاں ایک واقعہ نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔ آج سے تقریباً سولہ برس پہلے مجھے پہلی مرتبہ اُردو کے بے مثال محقق عالی جناب قاضی عبدالودود صاحب (بیرسٹر ایٹ لا پٹنہ) کی خدمت میں شاگردانہ

حاضر ہونے کا موقع ملا۔ ایک مسئلہ سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے میں نے گارسن دتاسی کا حوالہ دیا۔ قاضی صاحب لیٹے ہوئے تھے۔ ایک دم بیٹھے ہو گئے اور فرمایا کہ:

"گارساں اُردو جانتا ہے۔ بھئی میں آپ سے پوچھتا ہوں، بولیے گارساں اُردو جانتا ہے؟"

یہ بات کچھ گارساں کے ساتھ مخصوص نہیں۔ مستشرقین نے جس خلوص محنت اور لگن کے ساتھ زبانِ اُردو کے بارے میں تحقیقی کام کیے ہیں، وہ بغیر کسی شک و شبہ کے لائقِ صد ستایش بلکہ قابلِ رشک ہے۔ لیکن اِس حقیقت سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا کہ زبان کے بارے میں اُن کی معلومات محدود اور ناقص رہی ہیں۔ اُن کی تحقیقات کا حال بھی اس سے مختلف نہیں ہے۔ اُردو کی ابتدا سے بحث کرتے ہوئے مستشرقین کے نتایج تحقیق کو حدیث و آیت کا درجہ دے دینا کسی طرح بھی صحیح نہیں ہو سکتا۔ ہمیں خود حقایق کی جستجو کرنی چاہیے۔

بزرگانِ دہلی اپنے شہر کو اُردو کا "مولد" کہتے آئے ہیں لیکن تحقیق کرنے والے کو اِس حقیقت کو نظر انداز نہ کرنا چاہیے کہ اس میں اُن کے جذبۂ تفاخر کو بھی دخل ہو سکتا ہے۔ اُن کی زبانی روایات تحقیق کے نقطۂ نظر سے کچھ زیادہ وزن نہیں رکھتیں۔ لیکن یہ افسوس ناک حقیقت ہے کہ اُردو میں اُن روایات کو غیر معمولی اہمیت دی جاتی رہی ہے۔

پروفیسر مسعود حسین خاں کی تحقیق کا ماحصل خود اُن کے لفظوں میں یہ ہے:

"نواحِ دہلی کی بولیاں اُردو کا اصل منبع اور سرچشمہ ہیں اور حضرتِ دہلی اِس کا صحیح مولد و منشا۔" (مقدمۂ تاریخِ زبانِ اُردو ص ۲۶۴)

موصوف نے اپنے ماخذ کا ذکر کرتے ہوئے خود ہی فرمایا ہے:-

"قواعد کی کمی کو کسی حد تک اُن لسانی نوٹوں سے پورا کیا گیا ہے جو راقم السطور نے دہلی کے مضافات سے مختلف ذرایع سے حاصل کیے ہیں۔"

(ایضاً ص ۲۴۵)

بہت بدیہی ہے یہ حقیقت کہ جب ماخذ "دہلی کے مضافات" کی بولیاں ہونگی تو نتیجہ بجز اس کے اور کچھ بھی نہیں سکتا تھا کہ جو نکلا رہوا۔

حقیقت کی جستجو وسیع تر فضا میں کی جانی چاہیئے اور سارے امکانات کو پیشِ نظر رکھنا ضروری ہے۔ اِس سلسلے میں حضرت خواجہ امیر خسروؒ نے اپنے عہد کی مختلف زبانوں کے بارے میں جو کہا ہے اُسے پیشِ نظر رکھیں تو حقیقت تک پہونچا جا سکتا ہے۔ اُن کے الفاظ یہ ہیں ؎

من چو زہندم بود آں بہہ کہ کسی

از محلِ خویش بر آرد نفسی

ہست دریں عرصہ بہر ناحیتی

مصطلحی خاصہ نہ از نہ عاریتی

سندی و لاہوری و کشمیری و کبر

دھور سمندری و تلنگی و گجر

معبری و گوری و بنگالی و آوده

دہلی و پیرامنش اندر ہمہ حد

ایں ہمہ ہندویست کہ ز ایام کہن

عامہ بکار است بہر گونہ سخن

(نہ سپہر، مرتبہ محمد وحید مرزا، مطبوعہ کلکتہ ۱۹۴۸ء، ص ۱۸۰)

اِن شعروں سے جو امور پوری صراحت کے ساتھ سامنے آتے ہیں، مجملاً یہ ہیں۔

۱۔ "ہندوی" اُن مختلف بولیوں کا مشترکہ نام ہے جن کا ذکر خواجہ نے کیا ہے۔

۲۔ "ہندوی" سے کوئی الگ اور منفرد زبان بجز اُن کے جو مذکور ہوئیں مراد نہیں ہے۔

۳۔ اَوَدھی کی حیثیت اُس زمانے میں تسلیم شدہ تھی اور یہ اُن بولیوں میں سے ایک تھی جو ہندی یا ہندوی کہلاتی تھیں اور جن کی یہ حیثیت تھی کہ ع

(مصطفٰی خاصہ، نہ آنہ عادیتی)

۴۔ خواجہ نے کھڑی بولی، ہریانی اور برج وغیرہ کا نام نہیں لیا ہے یعنی اُس زمانے تک اِن بولیوں کا وجود نام کی حد تک نہیں ہو سکا تھا۔

۵۔ خواجہ نے زبانِ دہلوی کا ذکر کیا ہے، ہو سکتا ہے کہ اِس سے مضافاتِ دہلی کی مختلف بولیوں میں سے کوئی ایک مراد ہو، باقی کو زمانۂ ما بعد میں وجود حاصل ہوا ہو۔ یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ زبانِ دہلوی اِن مختلف بولیوں کے مجموعہ کا نام ہو۔ حقیقت جو بھی رہی ہو، بہر حال اِتنی بات یقینی ہے کہ مضافاتِ

دہلی کی مختلف بولیوں کے مقابلے میں آودھی کو انفرادی اور مستقل حیثیت پہلے حاصل ہو چکی تھی۔ اِس سلسلے میں ذیل کا اقتباس توجہ طلب ہے:

"پروفیسر تھیل بلوک کی رائے ہے کہ اولین سلاطین کے عہد کی دہلی کو تمدنی اور لسانی اعتبار سے ہندوستان میں بہت زیادہ مرتبہ حاصل نہ تھا اُس وقت اِس کی حیثیت تمدنی مرکز کے بجائے فوجی چھاونی کی زیادہ تھی۔"

(مقدمہ تاریخ زبان اُردو ص ۱۲۲)

پروفیسر مسعود حسین خاں نے یہ بات نقل کرنے کے بعد اِس سے اختلاف کا اظہار نہیں کیا ہے البتہ انھوں نے ایک سے زاید بار یہ بات کہی ہے:

"سولھویں صدی عیسوی سے قبل کے ادبی نمونے شمالی ہند کی کسی بولی میں نہیں ملتے۔" (ایضاً ص ۱۲۷)

ایک دوسری جگہ اُنھوں نے یہی بات اِس طرح دہرائی ہے:

"دراصل ہندوستان کی جدید بولیوں کی پیدائش صحیح معنوں میں ابھی تک نہیں ہوئی تھی۔ خاص طور سے ادب نے ابھی انہیں منہ نہیں لگایا تھا۔ اِسی لیے ان زبانوں کے مستند نمونے سولھویں صدی سے زیادہ پُرانے نہیں۔" (ایضاً ص ۱۲۱)

یہ بات دہلی اور مضافاتِ دہلی کی حد تک تو صحیح ہو سکتی ہے لیکن آودھی میں ملّا داود اپنی کتاب "چنداین" ۷۷۹ھ مطابق ۱۳۷۷ء میں لکھ چکے تھے۔

برس سات سے ہوے اُنا اسی ۷۷۹ تہیا یہ کبی سرسے بھا سی

اور اس کے بعد سے اِس زبان میں تصانیف کا غیر منقطع سلسلہ ملتا ہے یہاں یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے کہ مُلّا داؤد یقینی طور سے اودھی کے پہلے شاعر نہیں ہیں اُنھوں نے "چنداین" میں کہا ہے ؎

اور گیت میں کروں نہتی میس نائے کر جوڑ

ایک ایک بول مونت جس یہ وا کہوں جو ہیرا توڑ

(میں سر جھکا کر ہاتھوں کو جوڑ کر یہ گیت بناتا اور سناتا ہوں۔ ایک ایک بات میری موتی کی طرح درخشاں بلکہ ہیرا توڑ ہے) (بحوالہ معاصر ۱۶/۷۲)

شاعر کی یہ خودستائی بجائے خود اِس حقیقت پہ دلالت کرتی ہے کہ اُس کے سامنے بعض دوسرے لوگوں کی تخلیقات بھی تھیں جن کے مقابلے میں وہ اپنے کلام کو رتبت تر بتاتا ہے اور جن پہ وہ اپنی کاوش کی فوقیت ظاہر کر رہا ہے مُلّا داؤد سے کافی پہلے خواجہ امیر خسرو خود کو "ہندوی" کا صاحب دیوان شاعر کہتے تھے۔ وہ اودھی کی مستقل حیثیت کو بھی تسلیم کرتے ہیں۔ اُن کا بیان یہ بھی ہے کہ اُن سے پہلے خواجہ مسعود سعد سلمان بھی "ہندوی" کے صاحب دیوان شاعر تھے۔ اگرچہ یہ دعویٰ کرنا قبل از وقت ہے کہ یہ دونوں "ہندوی" سے اودھی ہی کا ہی مراد لے رہے تھے لیکن اِس طور پر بھی مسئلہ پر غور کر لینے میں کچھ قباحت معلوم نہیں ہوتی۔ خصوصاً اِس لیے کہ دوسری جدید بولیوں میں اُس زمانہ تک کوئی ادبی نمونہ نہیں ملتا اور اِس اعتبار سے اب تک کی معلومات کے مطابق اودھی کا تقدم مسلّم ہے۔

عرض کیا گیا ہے کہ "مواد" کی کمی اتنی اہم بات نہ تھی جتنی یہ بات کہ ہم حقائق کو اُن کی صحیح صورت میں دیکھنے کے لیے خود کو ابھی تک آمادہ نہیں کر سکے ہیں اسی لیے اُردو کی ابتداء کا مسئلہ اب تک اختلافات میں اُلجھا ہوا ہے۔ مولانا محمد حسین آزاد نے جن شعراء کے یہاں زبان کے قدیم ترین نمونے تلاش کیے ہیں اُن کے نام یہ ہیں۔

خواجہ امیر خسروؒ — کبیر — گرو نانک

ملک محمد جائسی — تلسی داس — سور داس

ان میں بجز سورداس کے کوئی بھی بنیادی طور سے برج بھاشا کا شاعر نہیں ہے۔ لیکن مولانا نے بحث کی ابتداء اِس مفروضہ سے کی تھی۔

"اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اُردو زبان برج بھاشا سے نکلی"

(آبِ حیات)

اور تمام تر دلایل اسی کی خاطر فراہم کرتے ہیں اُنھوں نے اپنی توجہ کو مرکوز رکھا ہے حالاں کہ کم از کم کبیر تو ایک ایسا شخص ہے جس کا واضح لفظوں میں اعلان ہے کہ:

میری بولی پوربی تا ہے نہ چینہے کوے
میری بولی سو لکھے جو پورب کا ہوے

یعنی اُن کا دعویٰ تو یہ ہے کہ اُن کی زبان سے صحیح لطف وہی اٹھا سکتا ہے جو پورب کا رہنے والا ہے۔ غیر شخص اس کی قدر نہیں کر سکتا۔

حافظ محمود خاں شیرانی نے مذکورہ شعرا کے علاوہ جن بعض بزرگوں

کے یہاں زبان و شعر کے قدیم نقوش کا ذکر کیا ہے یہ ہیں:۔
شیخ شرف الدین یحییٰ منیری۔ شیخ قطبن
شیخ عبد القدوس گنگوہی اور شیخ عثمان غازی پوری
ڈاکٹر شوکت سبزواری نے لکھا ہے:
"مولانا شیرانی نے اپنی قابلِ قدر کتاب میں اردو کا ارتقاد کھاتے ہوئے قطبن اور شیخ عثمان وغیرہ شعراء کا کلام پیش کر دیا ہے۔ مولانا اچھی طرح جانتے تھے کہ یہ اودھی کے شاعر تھے۔ ان کا کلام اَودھی میں ہے۔"
(داستان زبانِ اردو ص ۲۰۱)
یہاں حضرت عبد القدوس گنگوہی کے متعلق یہ عرض کر دینا بھی مناسب ہے کہ وہ خود اپنے دادا کا نام اس طرح لیتے ہیں:
"حضرت صفی الملتہ رودولوی رحمتہ اللہ"
خود بھی رودولی ضلع بارہ بنکی کے رہنے والے تھے "رشد نامہ" وہیں مکمل کر چکے تھے۔ ظاہر ہے کہ اس میں اُن کا جو بھی "ہندی" کلام ہے وہ اَودھی بھاکھا ہی میں ہے۔ لیکن یہ سب ایسی حقیقتیں ہیں جن کی طرف توجہ کرنا بھی کسی وجہ سے سہی، ہمیں گوارا نہیں ہوا ہے۔ پروفیسر شیرانی مرحوم نے شیخ گنگوہ کا کلام ذیل کے عنوان کے ساتھ نقل کیا ہے:۔
"سرود در پردہ پوربی" (پنجاب میں اردو ص ۱۸۸)
لیکن اس کے باوجود اُن کی زبان کی بابت انھوں نے جو رائے ظاہر کی ہے یہ ہے:۔

"وہ اپنے ہندی اشعار ایسی زبان میں لکھتے تھے جو برج کے مماثل تھی"

(البصاص ص ١٩)

لیکن "پوربی" یا اودھی کا نام بھی نہیں لیا اور سارا زورِ تحقیق اس ادعا کو صحیح ثابت کرنے پر صرف کیا ہے کہ:

"اُردو دہلی کی قدیم زبان نہیں ہے، بلکہ وہ مسلمانوں کے ساتھ دہلی جاتی ہے اور چوں کہ مسلمان پنجاب سے ہجرت کر کے جاتے ہیں اس لیے ضروری ہے کہ وہ پنجاب سے کوئی زبان اپنے ساتھ لے کر گئے ہوں"۔

(پنجاب میں اُردو ص ١٩)

اور اس طرح اُردو کا تعلق پنجاب سے ثابت کر کے دکھا دیا۔

پروفیسر مسعود حسین خاں کا زمانہ اُن کے بعد کا ہے۔ اُس وقت تک معلومات میں کچھ نہ کچھ اضافہ ضرور ہو چکا تھا۔ شیخ منجھن کی مدھو مالتی کا ذکر مولوی عبدالحق ان لفظوں میں کر چکے تھے۔

"گلشنِ عشق نصرتی کی سب سے پہلی تصنیف ہے جس میں منوہر و مدمالتی کے عشق کا فسانہ بیان کیا گیا ہے... یہ قصہ اس سے قبل بھی تحریر میں آ چکا تھا ایک صاحب شیخ منجھن نامی تھے اِسے ہندی میں لکھا تھا"۔

(ملا نصرتی مطبوعہ کراچی ص ١٩ سنہ ١٩٦١ء)

مولانا کے پیشِ نظر منجھن کی "مدھو مالتی" نہ تھی لیکن ہندی میں یہ کتاب ایک سے زاید بار چھپ کر شایع ہو چکی تھی ع۵ اس کے

ع۵ فٹ نوٹ صفحہ ١٨ پر دیکھیے

علاوہ حضرت نصیر الدین اودھی (معروف بہ چراغ دہلی) اور حضرت سید محمد جونپوری وغیرہ کے نام بھی اُردو کے مورخین لینے لگے تھے (دیکھو اُردو کی ابتدائی نشو ونما میں صوفیائے کرام کا کام از مولوی عبدالحق) لیکن غالباً اُردو میں اس تحقیق کا مقصد متعین تھا یہاں اودھی یا کھڑی کے شاعروں کو بھی مضافات دہلی "کی بولیوں کا شاعر ظاہر کرنا ناگزیر سمجھ لیا گیا تھا۔ مثال کے طور پر عثمان غازیپوری کا ذکر ایک جگہ اس طرح کیا گیا ہے:

" برج بھاشا میں شاعری کرنا رحیم اور عثمان کی طرح ہر ایک کے بس کی بات نہیں تھی۔" (مقدمہ تاریخ زبان اُردو ص ۱۶۷)

اور دوسرے موقع پر عثمان کے حوالے سے برج کے حلقۂ اثر کی وسعت کا بیان بایں طور کیا گیا ہے:۔

" شاہجہاں کے عہد تک برج بھاشا منجھ منجا کر شمالی ہند کے بڑے حصے کی واحد ادبی زبان بن جاتی ہے۔ پنجاب سے لے کر بنارس تک اسی کا دور دورہ تھا۔ غازی پور کے عثمان برج کے مشہور شاعر ہیں جو جہانگیر کے عہد میں ہوئے" (ایضاً ص ۱۶۱)

(ع صفحہ، اکانٹ نوٹ) اس کتاب کو غالباً سب سے پہلے ہندی کے مشہور محقق ناتا پرشاد گپت نے مرتب کر کے شایع کیا تھا۔ ان کے بعد اُدم پرکاش صاحب نے پھر ڈاکٹر شیو گوپال مشر نے بھی اس کتاب کو شایع کیا اُردو میں کم از کم راقم کے علم کی حد تک یہ کتاب ابھی شایع نہیں ہو سکی ہے۔"

دہلی اور مضافات کی بولیاں ہمارے ذہنوں پر اس طرح مسلط رہی ہیں کہ ہم عام طور پر اُنھیں کو "علم" سمجھتے آئے ہیں چنانچہ پروفیسر مسعود حسین خاں فرماتے ہیں:۔

"جائسی کی پدماوت اور تلسی داس کی رامائن کو چھوڑ کر اُس عہد کا جو بھی قابلِ قدر اور گراں مایہ ادب ہے سب برج بھاشا میں ہے۔" (النیاً ص ۱۵۵)

اور یوں "پورب" کے تمام شاعروں کے کلامِ استناد کے باوجود اردو کا مولد "حضرتِ دہلی" کو مانتے آئے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ہمارے دعوے مقدر رضات سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتے، واقعات کو سامنے رکھ کر تحقیق کا سلسلہ اب شروع کرنا ہے۔

جدید زبانوں کے بارے میں ہماری واقفیت نہ ہونے کے برابر ہے ہم اب تک سنی سنائی باتوں پر اعتماد کرتے آئے ہیں۔ کوئی لفظ کس زبان کا ہے اور کس زمانے سے اُس کا رواج ملتا ہے۔ اس بارے میں بھی اب تک ہم محض ذاتی معلومات کی بنا پر فیصلے کرتے رہے ہیں۔ مثلاً" کہا گیا ہے:ؔ

ؔ اس بات کے کہنے کی غالباً ضرورت نہیں ہے کہ "پدماوت" ملک محمد جائسی کی واحد تصنیف نہیں ہے، اِسی طرح تلسی داس نے بھی "رام چرتر مانس" کے سوا بھی کچھ نہ کچھ ضرور لکھا تھا۔ اس اقتباس میں جو حکم صادر کیا گیا ہے اُس میں ان تصانیف کے لیے بھی کوئی گنجائش نہیں چھوڑی گئی۔

"فائز کے یہاں بعض الفاظ ایسے ملتے ہیں جو اُردو شاعری کی روایت میں دلّی سے پہونچے تھے۔ مثلاً سریجن، پریتم، وسنا، سجن" (قصہ مہر افروز ص ۲۶)

حقیقت یہ ہے کہ یہ سب لفظ شمالی ہندوستان میں "پدماوت" سے لے کر "ہنس جواہر بھاکھا" تک کی تمام اودھی تصانیف میں استعمال ہوئے ہیں بلکہ پدماوت سے پہلے کی اودھی بھاکھا کی تصانیف میں بھی اِن کا استعمال مل جانا تقریباً یقینی ہے۔ اِن کو "دکنی" سمجھنا صحیح نہیں۔ اسی طرح لفظ "بھوئیں" یا "بھوئیں" کی بابت کہا گیا ہے:

"بھوئیں۔ پنجابی = زمین" (کربل کتھا مطبوعہ ۱۹۶۵ء ص ۱۶۲)

بعد میں مرتبینِ "کربل کتھا" کو کسی ذریعہ سے آگاہی ہوئی تو انھوں نے "استدراکات" کے تحت یہ اضافہ کیا۔

" بھوئیں قدیم اُردو میں مستعمل ہے" (الیقاً ص ۳۸۲)

"قدیم اُردو" سے کون سی جدید بولی مراد لی جاتی ہے کم از کم راقم اِس بارے میں کوئی قطعی بات کہنے سے قاصر ہے۔ بہرحال یہ لفظ اودھی کی قدیم تصانیف میں عام طور سے ملتا ہے۔

الفاظ کے متعلق حکم لگانا جب ذاتی معلومات پر ہی منحصر ہو تو "تحقیق" (اگر اِس لفظ کے اِس طور پر استعمال کو صحیح سمجھا جا سکتا ہو) کا راستہ نہایت آسان ہو جاتا ہے مثال کے طور پر لفظ "گھالنا" کے بارے میں ایک موقع پر جس خیال کا اظہار کیا گیا یہ ہے:۔

"خود پنجابی میں 'تا' کے ساتھ 'ن' بھی بطور علامتِ مصدر

ملتا ہے مثلاً "گھالنا اور گھالن" (مقدمہ تاریخ زبان اردو ص ۲۰۷)

اسی کتاب میں فاضل مصنف نے صرف چند صفحوں کے بعد اسی لفظ کی بابت جو فرمایا ہے :۔

"گھالنا قدیم دکنی کا عام مستعمل فعل ہے۔ اس کی شکل دہلی کے محاوروں میں دیکھیے۔ ایک تو گھر گھالو اپنا دوسرے پاس پڑوس"۔

(ایضاً ص ۲۶۱)

وہاں پنجابی کا ذکر تھا اس لیے وہ بات کہی گئی اور یہاں "حضرتِ دہلی" کی طرف توجہ تھی۔ چنانچہ یہ حکم لگا دیا گیا۔ اس طرح یہ تجزیہ کا بڑا نقصان یہ ہوا کہ اُردو لسانیات زبان میں زمانی اور مکانی بُعد کے سبب سے پیدا ہونے والے فرق کو بھی محسوس کرتے ہیں بُری طرح ناکام رہی ہے "معراج العاشقین" نام کے ایک رسالہ کو غلطی سے حضرت بندہ نواز گیسو دراز سے منسوب کر دیا گیا تھا۔ ڈاکٹر حفیظ قتیل نے ۱۹۶۸ء میں ایک رسالہ "معراج العاشقین کا مصنف" شایع کیا اس میں انھوں نے جو فرمایا ہے یہ ہے کہ :۔

"متعدد شہادتوں سے رسالۂ معراج العاشقین گیارہویں صدی ہجری کے اواخر اور بارہویں صدی ہجری کے آغاز (سترھویں صدی عیسوی کے اواخر) کی ایک شخصیت کی تصنیف ثابت ہو گیا"۔ (ص ۱۰۴)

اس کے دو برس کے بعد ۱۹۷۰ء میں "مقدمۂ تاریخ زبانِ اُردو" کا چوتھا ایڈیشن "بعد نظر ثانی و اضافہ" شایع ہوا تو اُس وقت بھی اس میں رسالۂ مذکور کا ذکر تک نہیں آیا اور معراج العاشقین کی بابت جو کچھ کہا گیا یہ ہے۔

"اردو زبان کے ارتقا کے سلسلے میں سب سے مستند نقش حضرت گیسو دراز کی معراج العاشقین ہے جو ۱۴۲۱ء [?] اور ۱۴۲۲ء [?] کے درمیان کی تصنیف ہے۔ ہم حضرت گیسو دراز کی زبان کے متعلق یہ حکم لگا سکتے ہیں کہ وہ چودھویں صدی عیسوی کی زبانِ دہلوی کی نشاندہی کرتی ہے۔ معراج العاشقین کے لسانیاتی تجزیہ کا ماحصل یہ ہے۔ کاڑا (جو شاندہ) تذکیر، ہمای، ہور (اور) یہ پنجاب اور کھڑی تک میں ملتا ہے۔" (ص ۱۳۶ تا ۱۴۰)

ضرورت اس بات کی تھی کہ لفظ "کاڑا" کی بابت یہ معلوم کیا جاتا کہ یہ حضرت دہلی میں چودھویں پندرھویں صدی عیسوی میں جوشاندہ کے معنی میں کبھی بولا بھی گیا تھا یا نہیں اسی طرح دوسرے لفظوں کی بابت بھی سند تلاش کرنی ضروری تھی اور اسی طرف سے اردو کی لسانیاتی بحثوں میں عام طور سے بے نیازی یا بے اعتنائی برتی گئی ہے۔ ظاہر ہے کہ جو بات بغیر سند کے کہی جائے گی کم از کم تحقیق میں اس کی اہمیت صفر سے زیادہ نہیں ہو سکتی اور اس سلسلے میں ضروری ہے کہ ہمارے پاس مختلف مقاموں اور زمانوں کی قابلِ اعتماد اور لائق استناد فرہنگیں ہوں۔

اردوئے قدیم سے دلچسپی رکھنے والوں کے لیے دسویں صدی ہجری (سولھویں صدی عیسوی) کے وسط کا زمانہ خصوصاً اہم ہے۔ اسی زمانے سے دکن میں شعر و ادب کے قابل قدر نمونے ملنے شروع ہوتے ہیں۔ شمالی ہندوستان میں بھی یہ زمانہ تاریخی اہمیت کا حامل ہے۔ مغلوں کی حکومت کو اسی زمانے میں استحکام حاصل ہوا اور حکومت کے استحکام کے ساتھ ساتھ زندگی کے مختلف شعبوں

میں استقلال کی صورت پیدا ہوئی۔ اسی زمانے سے شمالی ہندوستان کی مختلف "جدید بولیوں" میں بھی ادبی نمونے ملنے شروع ہوتے ہیں۔ اور اسی کے باکمال شاعر ملک محمد جائسی نے اسی زمانہ میں "پدماوت" لکھی تھی۔ راقم سطور نے کتاب کی اہمیت بپیش نظر اپنی ضرورتوں کے لیے اس کی مختصر فرہنگ تیار کی تھی مولانا زماں مخدومی نے جو میرے مخلص اور محسن ہیں ہمت افزائی کی چنانچہ اسس کو شایع کرنے کی جرأت کر رہا ہوں۔

یہ صحیح ہے کہ "پدماوت" کے قدیم ترین نسخے اردو خط ہی میں ملتے ہیں لیکن محرومی یہ ہے کہ ہم نے اس کتاب کو "غیروں" کی چیز سمجھا، اردو میں اب تک اس کا کوئی ایسا ایڈیشن شایع نہیں ہو سکا ہے جسے تدوین کے جدید اصولوں کے مطابق معیاری کہا جا سکے۔ البتہ انیسویں صدی عیسوی کے آخر میں منشی احمد علی رسا صاحب نے کتاب کے متن کی تصیح کر کے اردو میں اس کا ترجمہ کر دیا تھا۔ بعض مقامات پر مختصر حاشیے بھی لکھ دیے تھے۔ اس کو شیخ محمد عظیم اللہ نے ۱۳۱۶ھ مطابق ۱۸۹۸ء میں ان سے خرید لیا اور اپنے مطبع عظیمی کانپور سے اسی سال اس کو چھپوا کر شایع بھی کر دیا۔ اس میں بعض وہ بند جن کو الحاق تسلیم کر لیا گیا ہے نہیں ہیں۔ اس لیے اس پر اعتماد کیا جا سکتا ہے۔

میرے پیش نظر جو نسخہ ہے وہ کسی خوش مذاق کے زیر مطالعہ رہ چکا ہے جس نے اغلاط کتابت کی تصحیح بھی کر دی ہے۔ بعض مقاموں پر خود کچھ توضیحی اشارے بھی قلمبند کر دیے ہیں اس طرح یہ نسخہ بڑی حد تک غلطیوں سے پاک ہو گیا ہے۔ اس فرہنگ میں جہاں کہیں "پدماوت" کا حوالہ دیا گیا ہے اس سے

اسی نسخے کی طرف اشارہ مقصود ہے۔

کہا جا چکا ہے کہ یہ فرہنگ میں نے ذاتی مطالعہ کے لیے تیار کی تھی اِس لیے کتاب تمام الفاظ پر حاوی نہیں ہے۔ الفاظ کو بہ لحاظ حروفِ تہجی مرتب کیا ہے ایک لفظ کتاب میں مختلف اِملا اور تلفظ کے ساتھ آیا ہے بشیتر اِن سب کو قلمبند کرنے کی کوشش کی ہے لیکن ہر جگہ ایسا کرنا ممکن نہیں ہو سکا ہے۔ متداول لغات میں اُس لفظ کے جو معنی آتے ہیں اُن کی اہمیت مسلّم، لیکن ہمارا مقصد "لغت" مرتب کرنا نہیں تھا اِس لیے عام طور سے وہی معنی لکھنے پر اکتفا کیا ہے جو کتاب میں مطلوب ہے اور اِس مقصد کے لیے ایک شعر بھی بطور سند کے پیش کرنے کا التزام کیا ہے۔ جہاں ایک ہی لفظ کا دوسرا تلفظ بہت مختلف آیا ہے یا معنی میں بہت زیادہ فرق ہوا ہے وہاں ایک سے زاید شعر بھی دیے گئے ہیں لیکن ایسے مقامات کم تر ہیں "بدمادت" کے مترجم نے کسی لفظ کی بابت جو لکھا ہے اُسے بھی حسب موقع نقل کر دیا ہے اِسی طرح اُردو کے علمائے لسانیات نے کسی لفظ کی بابت جو خیال ظاہر کیا ہے وہ بھی تحریر کر دیا گیا ہے۔ لیکن یہ سب محض ضمنی امور ہیں اور اِس بارے میں بھی التزام کا دعویٰ نہیں کیا جا سکتا۔ اشعار کا متن اور الفاظ کا اِملا مِن وعَن وہی لکھا ہے جو زیرِ نظر نسخے میں ہے۔

میری یہ کوشش بالکل ابتدائی نوعیت کی ہے۔ اِس میں غلطیاں بہ کثرت ہوں گی لیکن اگر میری یہ غلطیاں اہلِ علم حضرات کی توجہ سے صحیح تر حقائق کے سامنے لائے جانے کا سبب بن سکیں تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت کامیاب ہو گئی۔

پیر و مرشد حضرت خواجہ سید شاہ ید اللہ محمد محمد الحسینی چشتی القادری مدظلہ العالی، سجادہ نشین آستانۂ مخدوم اللّٰہی گڑھ پہ شریف میری ان علمی کاوشوں پر پسندیدگی کا اظہار فرماتے رہتے ہیں۔ میں حضرتِ موصوف کی ان بزرگانہ شفقتوں کے لیے نہایت شکرگزار ہوں۔

آخر میں اپنے کرم گستر حکیم سید ظل الرحمٰن صاحب (طبیہ کالج مسلم یونیورسٹی علی گڑھ) کا خاص طور سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جو علمی معاملات میں اکثر میری ہمت افزائی فرماتے ہیں۔

محمد انصار اللہ

شعبۂ اردو
علی گڑھ مسلم یونیورسٹی
علی گڑھ

جمعہ ۲۹ - ۹ - ۱۹۷۲

مقدمہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۹۴۱ء میں انجمن ترقی اُردو (ہند) دہلی نے جناب سید کلب مصطفےٰ کی
کتاب "ملک محمد جائسی" شایع کی تھی جس میں اودھی کے اِس باکمال شاعر کے
"حالاتِ زندگی" کے علاوہ "تصانیف" کا بھی مجملاً تعارف کرایا گیا ہے۔ فاضل مصنف
نے اِس کتاب کے بارے میں لکھا تھا یہ ہے:-

"جو کچھ لکھا جا رہا ہے وہ محض تمہید کے طور پر ہے اور اِس لیے کہ شاید سمندِ ناز
کے لیے تازیانہ ہو سکے۔" (حاشیہ ص ۵)

لیکن یہ "بھاری پتھر" تھا چوم کر چھوڑ دیا گیا۔ اُردو میں کتابِ مذکور کے بعد چند
مضامین کے سوا کوئی بڑا قابلِ ذکر کام اِس موضوع سے متعلق کم از کم راقم کے علم میں نہیں
ہے۔ ہاں سُنی سنائی باتیں جن میں بیشتر بے اصل ہوتی ہیں موقع بے موقع مکرر
دہرائی گئی ہیں۔ بہر حال ملک محمد جائسی کے حالات اُردو میں بہت کم ملتے ہیں۔ اپنے
مسکن کے بارے میں شاعر نے جو کہا ہے یہ ہے ؎

جائس نگر مور استھانو ۔۔ نگر کے ناؤں آدی اُدیانو

(آخری کلام)

اور ؎

جائس نگر دھرم استھانو ۔۔ تہاں جائے کب کینہ بکھانو

اِن بیانوں سے اپنے مسکن کے ساتھ شاعر کی محبت کا اندازہ ہوتا ہے۔ جائس

ضلع رائے بریلی کا ایک قصبہ ہے۔ اسی ضلع کا ایک قصبہ ڈلمئو نگر بھی ہے جسے
ملّا داؤد مصنف "چندائن" کے مسکن ہونے کا فخر حاصل ہے؂

ڈلمئو نگر بسے نور نگا اوپر کوٹ تھے بہے گنگا

حیرت ہے کہ ملک محمد جائسی نے داؤد یا اُن کی "چندائن" کا کہیں ذکر نہیں کیا ہے۔

سید کلب مصطفیٰ صاحب کے خیال کے مطابق ملک محمد جائسی:

"محمد ظہیر الدین بابر شاہ کے عہد میں سنہ ۹۰۰ھ مطابق سنہ ۱۴۹۵ء میں
پیدا ہوئے۔" (ص ۱۷)

سید صاحب کے پیش نظر خود شاعر کا یہ قول بھی رہا ہے کہ:

بھا اوتار مور نو صدی

اس سے زیادہ سے زیادہ یہی نتیجہ نکل سکتا ہے کہ شاعر سنہ ۹۰۰ھ سے پہلے کسی زمانے
میں پیدا ہوا تھا۔ اس نے اپنے شروع زمانے کے حالات جس طور پہ بیان کیے
ہیں یہ ہیں؂

آوت اُدھت چار بدھ ٹھانا بھا بھوکنپ جگت اکولانا
دھرتی دینہ چکر بدھ بھائیں پھرے اکاس ارھٹ کے نائیں
گری پہاڑ مودن تِس ہالا جس چالا چھلنی بھر چالا
مرت لوک جیون رچا ہنڈولا سرگ پتال پَون گھٹ ڈولا

؂ ڈاکٹر ہریشور دی لال گپتا:

ڈلمئو نگر بسے نو رنگا اوپر کوٹ تلے بہی گنگا

گری پہاڑ پربت ہل گیے ساتِ سمند ریچ مل گیے
دھرتی پھاٹ چھپات بھرانی پُن بھئی میا جو سشٹ دکھانی
جو اس کھمبہ پاہی سے سہس جیبہ گہرائیں
سو اس کینہ محمد! تو ہی اس اپورے کائیں
(آخری کلام)

اِسی کتاب میں اُس نے ایک اطلاع یہ بھی دی ہے کہ

سورج سیوک یا کے رہے آٹھو پہر پھیرت جو رہے
(ایضاً)

پروفیسر سید حسن عسکری نے ملک محمد جائسی کے اِن بیانات کے سلسلے میں
لکھا ہے:

"بدایونی اور صاحب مخزن افاغنہ نے ۹۱۱ھ میں آگرہ اور نواح میں
ایک شدید زلزلہ کا ذکر کیا ہے۔ ڈاکٹر کمل کلبر شٹ نے ۹۱۱ھ میں
گرہن کا پتہ لگایا ہے۔" (معاصر ۱۹۴/۱)

مذکورہ اشعار میں زلزلہ اور سورج گرہن کا ذکر اس طرح آیا ہے گویا یہ شاعر کے ہوش
کی باتیں ہوں۔ "آخری کلام" کی ترتیب ۹۳۶ھ مطابق ۱۵۲۹-۳۰ء میں عمل
میں آئی۔

بارہ شاہ چھتر پتی نو سے چھتیس جو بھئی

مجموعہ کا یہ نام اس حقیقت پر دلالت کرتا ہے کہ اُس وقت شاعر اپنی عمر کی آخری
منزلوں میں تھا۔ اُس وقت اُس کی عمر کم از کم پچاس برس سے متجاوز ہونی
چاہیئے۔ "پدماوت" ۹۴۷ھ میں لکھی گئی۔

سنہ نو سے سیتا رس آہے   کتھا آرنبھ بین کب کہے

اُس وقت شاعر نے خود اپنی بابت جو کہا ہے یہ ہے :-

بردھ بیس جو بھئی   جوبن ہت سوا وستھا گئی

بل جو گیو بھا کہین سریر   دشٹ گئی نینہ دیے نیر

دسن گیے کے تجا کپول   بین گئے اتر پچ دے بول

بدھ جو گیے دیے ہیہ بورای   گرب گیو تر ہت سر نای

سردن گئے اونچ جو سنا   سیاہی گئے سیس بھا دھنان

بھنور گیے کیہ دے نیر   جوبن گیو جیت دے جو ا

جو لہ جیون جوبن ساتھاں   پُن سو پنیچ یہ اسلے ہاتھاں

بردھ جو بیس ڈولائی سیس، دھنے تنہ رسیس

بوڑھے آدھی ہو ہ تم کین یہ دینہ اسیس

یعنی شاعر کی عمر اتنی ہو چکی تھی کہ وہ طولِ عمر کی دعا کو بھی برا سمجھنے لگا تھا اور موت کی تمنا کرتا تھا۔ اس زمانے میں اس کی عمر ستر برس کے قریب تو ہونی ہی چاہیئے۔

شاعر نے اپنی مشہور تصنیف اکھر وتی ۱؎ اکھراوت، سنہ ۹۱۱ھ مطابق سنہ ۱۵۰۴ء میں مکمل کی تھی اور اس کا قول ہے کہ :-

بھا اوتار مور نو صدی   تیس برکھ کبی بدی

اب اگر یہ خیال کریں کہ وہ اس کے تصنیف کے وقت

بڑا شاعر ہو چکا تھا[عہ] تو اُس کی ولادت کا زمانہ ۸۸۰ھ سے پہلے کا تسلیم کرنا ہوگا۔ اِس طرح اُس کی عمر "آخری کلام" کی ترتیب کے وقت چھپن سال سے زاید اور "پدماوت" کی تصنیف کے وقت ستر سٹھ برس سے متجاوز رہی ہوگی۔ عمروں کے یہ تخمینے اُس کے مختلف بیانوں سے مطابقت بھی رکھتے ہیں۔ مشہور ہے کہ ملک محمد جائسی بہت بدشکل تھے، ممکن ہے کہ آخری عمر میں وہ ایسے ہی ہوگئے ہوں لیکن "پدماوت" میں اُنھوں نے اپنے بارے میں جو کچھ کہا ہے اُس میں بہت مبالغہ معلوم ہوتا ہے۔ اِس مبالغہ کا سبب ظاہر یہی ہے کہ وہ بڑھاپے سے عاجز ہو رہے تھے اور زندگی کو بار سمجھنے لگے تھے۔ اپنے وجود سے بیزار ہو کر موت کی آرزو کرنے لگے تھے۔ ایسی حالت میں

عہ مولوی عبدالحق نے "شارح اکھروتی" کے یہ الفاظ نقل کیے ہیں:

"ہر کی از اولیا بدیں لسان تکلم می فرمودند تا کہ عہدِ خلافت ایشاں یا محقق مدقق زمرا از ملک محمد جائسی) رسید وی درین زبان بسیاری از مصنفات از رسائل و مطولات تصنیف فرمودہ و یکی از مصنفاتِ وی اکھروتی است" (اُردو کی ابتدائی نشو و نما ص ۹)

اگر اِس بیان پر اعتماد کیا جا سکے تو:۔

۱۔ اودھی بھاکھا کی قدامت ظاہر ہے۔

۲۔ اکھروتی کی تصنیف کے وقت شاعر کا محقق و مدقق ہونا معلوم ہوتا ہے کیونکہ شارح نے یہ رائے بنیادی طور پر اسی کتاب کے سبب، قائم کی ہے۔

۳۔ ملک محمد جائسی کی تصانیف کا "بسیار" ہونا ثابت ہے۔

اپنے جسمانی وجود کا ذکر اس طور پر کرنا کہ اُس سے سننے والے کو اکتاہٹ ہو تعجب کی بات نہیں ہے۔ اِس پر لفظاً لفظاً اعتماد کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے سید کلب مصطفیٰ صاحب نے لکھا ہے:

"چیچک میں اُن کی بائیں آنکھ جاتی رہی تھی، اور بائیں کان سے بہرے ہو گئے تھے، لولے، لنگڑے اور کوزہ پشت بھی تھے" (ص ۲۲)

اگر اِس بیان پر اعتماد کریں تو تسلیم کرنا چاہیے کہ وہ جوانی میں "ایک نین کے" کبھی نہیں تھے اور بہراپن یا کمر کا جھک جانا وغیرہ سب پیرانہ سالی کے سبب تھا۔ میر حسن دہلوی نے مثنوی "رموز العارفین" میں اُن کی بدصورتی کا ذکر کیا ہے اور اپنی بات میں زیادہ وزن پیدا کرنے کے لیے ایک حکایت بھی نظم کی ہے ؎

تھے ملک نامی محمدؐ جائسی
وہ کہ پدماوت جنھوں نے ہے لکھی

مردِ عارف تھے وہ اور صاحبِ کمال
اُن کا اکبر نے کیا دریافت حال

ہو کے مشتاق اُن کو بلوایا شتاب
تا کہ ہو صحبت سے اُن کی فیضیاب

صافِ باطن تھے وہ مستِ الست
لیک دنیا تو ہے ظاہر پرست

تھے بہت بدشکل اور وہ بدقوا
دیکھتے ہی اُن کو اکبر ہنس پڑا

ہنس پڑے "ماٹی" پہ تم اے شہریار
یا کہ میرے پر بتشبیہ اختیار

(بحوالہ ملک محمد جائسی، حاشیہ ص ۹)

جلال الدین محمد اکبر کا سالِ ولادت ۹۴۹ھ ہے اور وہ ۹۶۳ھ مطابق ۱۵۵۶ء میں تخت نشین ہوا تھا۔ ۹۴۷ھ میں شاعر نے اپنا جو حال بیان

کیا ہے اُس کے پیشِ نظر اُس کا اِس کے دو تین سال بعد سے زیادہ زندہ رہنا
قرینِ قیاس نہیں معلوم ہوتا، پروفیسر سید حسن عسکری نے لکھا ہے کہ:

" بعد کی ایک روایت کے مطابق ملک محمد جائسی کی وفات ۵۔ رجب
۹۴۹ھ مطابق ۱۵۴۲ء میں تسلیم کی گئی ہے" (معاصر ۹۷/۲)

ایسی صورت میں اکبر کے دربار میں اِس شاعر کے حاضر ہونے کا ہرگز کوئی امکان نہیں
اِس روایت میں زیادہ سے زیادہ اِتنی بات صحیح ہو سکتی ہے کہ اکبر نے کسی سے
اُن کا حال معلوم کیا ہو اور اُس نے تفننِ طبع کے لیے وہ روایت تشادی ہو۔ سید
کلب مصطفیٰ صاحب نے لکھا ہے:

" ایک مرتبہ شیر شاہ کے دربار میں کوئی امیر جو اُن کو پہنچانتا نہ تھا اُن
کے بدصورت چہرے کو دیکھ کر ہنسا تو اُنھوں نے کمال متانت و
سنجیدگی سے پوچھا کہ " ٹیا ہنسیو کہ کُمہرا ؟" یعنی مٹی کا مضحکہ کرتے
ہو کہ کمہار کا (ایضاً ص ۲۱)

یہ روایت البتہ قابل قبول ہو سکتی ہے۔ بہرحال اودھی کا یہ باکمال شاعر
قصبہ امیٹھی ضلع سلطانپور کی خاک میں آسودہ ہے۔

ملک محمد جائسی ایک باکمال صوفی منش شاعر تھے۔ اُن کی تصانیف "بسیار" کہی گیی ہیں۔ تعداد میں اختلاف رائے ہے۔ سید کلب مصطفیٰ صاحب نے لکھا ہے کہ :-

"کچھ بتاتے ہیں کہ سات تھیں کچھ نو بتاتے ہیں اور چند نہ نام بھی گنوائے جاتے ہیں یعنی : اکھراوٹ پدماوت سکھراوت
چنپاوت اترواوت مٹکاوت چتراوت کہرانامہ
موراٸی نامہ مکھرانامہ پوستی نامہ جہرانامہ ہولی نامہ
آخری کلام

"لیکن ان میں سے صرف تین ملتی ہیں : اکھراوٹ ۔ پدماوت اور آخری کلام ۔ باقی کا کہیں پتا نہیں" (ص ۸۳)

پروفیسر سید حسن عسکری نے اودھی بھاکھا کی قدیم تصانیف سے متعلق اُردو میں غالباً سب سے زیادہ کام کیا ہے۔ اس سلسلے میں اُن کی معلومات اور بصیرت مسلّم ہے۔ اُنھوں نے ملک محمد جائسی کی چار تصانیف کا تعارف کرایا ہے یعنی :

اکھراوٹ ۔ کہری نامہ، آخری کلام اور پدماوت

"مہری نامہ" کے اشعار بھی اُنھوں نے نقل کیے ہیں لیکن ہندی کے علماء کو اِس کتاب پر شُبہہ ہے۔ وہ اِس کے بجائے دو اور کتابوں کو ملک محمد جائسی سے منسوب کرتے ہیں یعنی:

مسئلہ نامہ اور کہرنامہ (قہرنامہ)

اِن دونوں کتابوں کو امر بہادر سنگھ امرلیش نے دریافت کر کے اِن کا متن بھی شایع کر دیا ہے۔ "جائسی گرنتھاولی" میں باقی تین کتابیں شامل ہیں یعنی اکھراوٹ، آخری کلام اور پدماوت: اِس طرح ہندی کے علماء اُن کی پانچ تصانیف تسلیم کرتے ہیں۔ اِس امکان سے صرفِ نظر نہیں کیا جا سکتا کہ آیندہ اُن کی بعض دوسری تصنیفیں بھی دریافت ہو سکتی ہیں۔

اہلِ علم کے معاملات اور معمولات میں "معیار" کو بڑی اہمیت حاصل ہے غیر مستند تو دور رہے، کسی کمتر درجے کے آدمی سے بھی بات کرنے میں اُن کی زبان کے "خراب" ہو جانے کا اندیشہ رہتا ہے۔ یہ ایک عام بات ہے۔ اِس میں کسی طبقہ یا مسلک کی تخصیص نہیں۔ سلاطینِ دہلی سے وابستہ علماء اور شعراء ہوں یا مختلف ریاستوں سے متعلق بھاٹ شاعر، دونوں کے لیے کسی دور افتادہ علاقے کے عوام کی بول چال کی زبان کو اپنانا اور اُس میں عوام کی دلچسپی کا لحاظ کرتے ہوئے اُن کے مخصوص لب و لہجہ میں شعر کہنا عام طور سے ممکن نہیں ہو سکتا تھا۔ دہلی کے دربار میں عربی اور فارسی کے علماء کا جمگھٹ تھا تو ریاستوں میں سنسکرت اور پراکرت کا سکہ جاری تھا۔ ملک محمد جائسی نے ریاستوں سے متعلق عالموں کا ذکر کرتے ہوئے جو کہا ہے یہ ہے:

سبھے گنی پنڈت اور گیاتا　　　سنسکرت سب کے مکھ باتا

(سب ہنرمند کامل اور صاحب علم تھے، زبانِ سنسکرت میں سب کے منہ کا کلام تھا)

"جدید بولیوں" سے اِن دونوں گروہوں کے عالموں کو کما حقہٗ دلچسپی نہیں تھی۔ چنانچہ اِن میں جو بھی قدیمی سرمایہ ہے اُس سے اِن دونوں کا تعلق نہ

ہونے کے برابر ہے۔

اودھ کا علاقہ دار السلطنت دہلی سے دور بھی تھا اور اہلِ دہلی کے نزدیک یہاں کی زبان قابلِ اعتنا بھی نہ تھی۔ جلال الدین محمد اکبر کے عہد کے مشہور مورخ ابو الفضل نے ہندوستان کی مستقل زبانوں میں افغانی، بلوچستانی اور سندھی وغیرہ کا تو ذکر کیا ہے لیکن اودھی کا نام بھی نہیں لیا (بحوالہ مقدمہ تاریخ زبان اردو ص ۱۲۵) درانحالیکہ اُس وقت تک اس زبان میں قابلِ فخر ادبی سرمایہ فراہم ہو چکا تھا اور اس کی انفرادی اور مستقل حیثیت کی شہادت بہت پہلے خواجہ امیر خسرو دے چکے تھے۔ اس صورتِ حال پر نظر کریں تو بات سمجھ میں آجاتی ہے کہ اودھی میں جتنے قدیم شاعر ہوئے سب مسلمان صوفی ہی کیوں تھے۔ یہ سب وہ لوگ تھے جنھیں اپنے عقاید کے بموجب جو "اولو الامر" تھے اُن سے عقیدت تو تھی (اور اس عقیدت کا سبب یہ تھا کہ اللہ اور اُس کے رسولؐ کے بعد اُن کی اطاعت بھی اُن پر فرض کر دی گئی تھی) لیکن عام طور سے یہ دربارِ شاہی کے متوسّل یا وابستگان میں سے نہ تھے۔ع

ع مثال کے طور پر مُلّا داؤد نے "چنداین" میں فیروز شاہ اور اُن کے وزیر خان جہاں مقبول کے صاحبزادے جونا شاہ کا ذکر ضرور کیا ہے لیکن ابھی تک ایسی اطلاع نہیں مل سکی ہے کہ یہ پایۂ تخت دہلی سے باقاعدہ طور سے وابستہ رہے ہوں۔ داؤد کے الفاظ یہ ہیں ؎

پھیروج ساہ دلّی سُرطانا ۔۔۔ جونا ساہ ا[illegible]ر بکھانا

(بقیہ حاشیہ ص ۳۹ پر دیکھیے)

مسلمان صوفیا نے اپنے نظریات اور معتقدات کو مقامی لوگوں پر مسلّط کرنے کو کبھی درست خیال نہیں کیا۔ اُنھوں نے خود مقامی آداب اور معاملات کو سمجھنے کی کوشش کی اور اُن کو بحدِّ مناسب اختیار بھی کیا۔ اِس طرح مقامی آبادی سے قریب تر آنے میں خود اُنھوں نے پہل کی۔ اپنے مسلک اور مذہب کی تلقین کے لیے اُنھوں نے یہاں کے مخصوص حالات کے تقاضوں کو بہر طور ملحوظ رکھا، عوامی طبقہ کی زبانع کو اپنایا۔ اُن کے طرز اور اُن ہی کے آہنگ

(حاشیہ صفحہ ۳۸ سے آگے) اِسی طرح ملک محمد جائسی نے علاء الدین سلطانِ دہلی کے یہاں رشوت کا ذکر کیا ہے جس سے اِس دربار کے بارے میں اُن کی رائے معلوم ہوتی ہے ؎

ٹھاکر کیر بتا سنہ کا جو — جہاں انکور تہاں نیک نہ راجو

اپنے زمانے کے سلطان شیر شاہ کی اُنھوں نے بہت تعریف کی ہے لیکن اِس کے باوجود یہ کہنا مشکل ہے کہ اُنھیں دربار سے باضابطہ کوئی تعلق تھا۔ اِسی طرح دوسرے شعرا کا بھی معاملہ معلوم ہوتا ہے۔

ع (حاشیہ صفحہ ہذا) صوفیوں کا مسلک بنیادی طور سے محبت اور اخوت کے اصولوں پر مبنی تھا چنانچہ ملک محمد جائسی نے بھی کہا ہے ؎

جا میں مارگ پریم کا سبے سراہیں تاہ — ترکی، عربی، ہندوی بھاکھا جیتی آہ

(ترکی، عربی، ہندوی بھاکھا جس قدر ہیں، جس بولی میں راہ محبت کی ہے سب اُس کی تعریف کرتے ہیں)

اِسی لیے اِن کو ہندی میں "پریم مارگی" کہتے ہیں۔ اِس شعر سے یہ بھی پتا چلتا ہے کہ ملک محمد جائسی کی نظر میں اودھی بھاکھا بھی علمی اور ادبی اہمیت کی حامل تھی اور دوسری مختلف علمی زبانوں کی طرح قدر کی مستحق تھی۔

(اوزان وبحور) کے ساتھ شعر کہے۔ مُلّا داؤد کی "چنداین" کی زبان اور بحر بھی "ہندوی" ہے لیکن اِس میں قافیہ کی پابندی ملتی ہے البتہ ردیف کا وجود نہیں ہے۔ ردیف کا استعمال "پدماوت" میں بھی نہ ہونے کے برابر ہے البتہ کبیرؔ کے کلام میں ردیف کا استعمال ملتا ہے۔ پروفیسر محمود خاں شیرانی نے اس سلسلے میں لکھا ہے:

"کبیرؔ کی تصنیفات سے بعض ریختہ بھی مشہور ہیں۔ اسی طرح اُس نے فارسی بحروں میں بھی لکھا ہے اور دیکھا جاتا ہے کہ بعض موقعوں پر اُس نے ردیف وقافیہ کی بھی پابندی کی ہے۔" (پنجاب میں اردو ص ۱۸۰)

ردیف کا استعمال شیخ عبدالقدوس گنگوہی کے اودھی کلام میں بھی ملتا ہے۔ یوں بتدریج اودھی شاعری فارسی شاعری کے اصولوں کو اختیار کرتی ہوئی معلوم ہوتی ہے۔ اس طور پر بھی اودھی شاعری کے تفصیلی مطالعہ کی ضرورت ہے۔

اُن مسلمان صوفیوں نے منافی کردار ور پر مشتمل خالص ہندوستانی ماحول کے مطابق قصّے کہانیوں کو نظم کیا ہے البتہ اِن قصوں میں موقع بہ موقع نصیحت کی ایسی باتیں بھی کہتے تھے جو اُن کے مسلک اور عقیدے سے مطابقت رکھتی تھیں۔ مثال کے طور پر میاں سادھن اپنی تصنیف "میناست" کے ہر بند کے آخری شعر میں اِس کا التزام کرتے ہیں چنانچہ ایک مثال یہ ہے ؎

لیت درب مالن ٹین گئی میناں کے بار

جہ بدھ راکھے ست سوں کون ڈلاوے پار

جرِ راکھے کرتار تاکو بار نہ بانکئی
جو لاگے سنسار سادھُن چھانہہ کی چینھیئی

(روپے پیسے سے کر مالن میاں کے دروازہ تک پہنچ گیی لیکن جس کو خدا رکھے اُس کے قدموں کو راہِ حق سے کون لغزش دے سکتا ہے؟ جس کو مسبب الاسباب رکھنا چاہے اُس کا بال بھی کوی بانکا نہیں کر سکتا۔ اے سادھُن اگر اُس کے پیچھے ساری دنیا پڑ جاے تو بھی اُسے بدی کے سایہ کی شناخت ہو ہی جاے گی)

ملک محمد جالسیی کی "پدماوت" میں بھی ضمناً اکثر مضامینِ عبرت اور مسایلِ تصوف بیان میں آے ہیں۔ اِس طرح کہا جا سکتا ہے کہ اُن مسلمان صوفی شاعروں کی تصانیف کی زبان، طرزِ بیان بلکہ ہئیت بھی ٹھیٹھ ہندوستانی ہوتی تھی لیکن اِن کی روح اُن کے معتقدات اور نظریات کی مظہر رہی ہے اودھی بھاکھا کو اُن صوفی شاعروں کی کوشش سے ہی علمی ادبی زبان کا درجہ حاصل ہوا تھا۔ انھوں نے اِس زبان کو ترقی دینے کی ہر مناسب کوشش کی تھی، عربی اور فارسی کے الفاظ ہی نہیں، محاورات اور ضرب الامثال کو بھی اپنی زبان میں جگہ دی، تشبیہات، استعارات اور تلمیحات بھی وہاں سے لاے اور اِس طرح اپنی زبان کو وسعت دی لیکن یہ توقع کسی طرح صحیح نہیں ہو سکتی کہ اُس ابتدای زمانے میں ماخوذ لفظوں کا تناسب اودھی کے اصل لفظوں کی برابر یا نہ اید رہا ہو گا۔ ملک محمد جالسیی بھی صوفی شاعر تھے

اُن کی تصانیف کا معاملہ بھی کچھ مختلف نہیں ہے۔ سید کلب مصطفےٰ صاحب کا بیان ہے کہ:

"ملک محمد جائسی کا لقب "محققِ ہندی" ہے۔" (ص ۲۴)

اِس کی تائید "شارحِ اکھروتی" کے اُس بیان سے بھی ہوتی ہے جو نقل کیا جا چکا ہے۔ ملک محمد جائسی کی زبان کے بارے میں سید صاحب نے لکھا ہے:

"الفاظ کے بے محل استعمال یا قواعد کے اصولوں سے چشم پوشی جائسی کے یہاں بھولے سے نہ ملے گی۔" (ص ۱۸۶)

"پدماوت" اُن کی آخری تصنیف ہے۔ قدرتی طور سے اِس میں اُن کی "تحقیق و تدقیق" درجۂ کمال کو پہنچ چکی تھی۔ مولانا محمد حسین آزاد نے اِس کتاب کے بارے میں جو لکھا ہے یہ ہے:

"مسلمان بھی اُس زمانے میں یہاں کی زبان سے محبت رکھتے تھے۔ چنانچہ سولھویں صدی عیسوی شیر شاہی عہد میں ملک محمد جائسی ایک شاعر ہوا، اُس نے پدماوت کی داستان نظم کی، اُس سے عہدِ مذکور کی زبان ہی نہیں معلوم ہوتی بلکہ ثابت ہوتا ہے کہ مسلمان اِس ملک میں رہ کر یہاں کی زبان کو کس پیار سے بولنے لگے تھے۔ اِس کی بحر بھی ہندی رکھی ہے اور ورق کے ورق اُلٹتے چلے جائیے فارسی و عربی کا لفظ نہیں ملتا۔ مطلب اِس کا آج مسلمان بلکہ ہندو بھی نہیں سمجھتا۔ کتاب مذکور چھپ گئی ہے اور ہر جگہ مل سکتی ہے۔ اِس لیے نمونہ نہیں لکھتا۔" (آبِ حیات)

اس میں بہت عمومی سی بات کہی گئی ہے۔ چنانچہ فارسی عربی کے لفظوں سے متعلق جو کہا گیا ہے اُسے حقیقت سے بہت بُعد ہے۔ صوفیائے کرام کا مقصد اپنے معاملات اور معتقدات کو دوسروں میں عام کرنا تھا اور اس مقصد کے حصول میں عربی فارسی کے لفظوں کی جو اہمیت ہو سکتی تھی ظاہر ہے۔ ملک محمد جائسی جیسے باشعور اور با صلاحیت شاعر سے ہرگز یہ توقع نہیں کہ وہ ان لفظوں کی اہمیت سے واقف نہ رہے ہوں چنانچہ اس بات کا ہرگز کوئی امکان نہیں کہ انھوں نے ان سے احتراز یا اجتناب کیا ہو۔ ایسا کرنا اپنی زبان کو گویا محدود کر دینا تھا اور یہ صورت اُن کے بنیادی مقصد کے بھی خلاف تھی۔ پھر یہ حقیقت بھی ذہن میں رہنی چاہیے کہ اس زبان میں عربی فارسی کے الفاظ اس طرح دخیل ہو گئے تھے کہ عملاً ان کا اخراج ممکن بھی نہیں رہ گیا تھا۔ خود مولانا محمد حسین آزاد کو اعتراف ہے کہ تلسی داس کی "رام چرتر مانس" میں بھی ان زبانوں کے لفظ مستعمل ہیں حالاں کہ تلسی داس کے موضوع اور مسلک کے لیے ان لفظوں کا استعمال ظاہر نظر میں غیر ضروری معلوم ہوتا ہے۔

بہر حال "پدماوت" کا مطالعہ کریں تو اس میں موجود عربی و فارسی کے لفظوں کا اندازہ ہوتا ہے۔ مثال کے طور پر ایک بند کے کچھ مسلسل شعر یہ ہیں ؎

چلے سمہس بیک سلطانی	تیکھ ترنگ بانک کنکانی
بکھری چلی بد یانتہ پانتی	برن برن او بھانتہ بھانتی
کالی کمیت نیل سپیتی	کھنگ کرنگ بوز دوہ کیتی
(سپیدی)	(خنگ)

ابلک ابرس پچھے سراجی　　چودھر چال سمند سب تاجی
(ابلق)　(شیرازی)　　(تازی)

کھرمچ نکرا جردا پھلے　　رو پکراں بولسر چلے
(قرمزی)　(نقرہ)　(زردہ)

بچکلیاں سنجاب بکھانی　　مہ سایہ سب چن چن آنی
مسکے اور ہرمجی عراکی　　ترکی اور بھوتھانہ بلاکی
(مشکی)　(ہرمزی)　(عراقی)　　(بلاقی)

اودھی میں بعض آوازیں نہیں ہیں اس لیے عربی فارسی کے لفظوں میں اگر ایسی آوازیں ہوں تو اُن کو کسی متبادل مقامی آواز سے بدل لیتے ہیں، یہی اشعار مذکور میں مستعمل ان زبانوں کے لفظوں کے ساتھ کیا گیا ہے۔ ذیل کے شعروں میں شطرنج کی بازی کا بیان دیکھا جائے ؎

مایا موہ پرس بھا راجا　　ساہ کھیل سطرنج کہہ ساجا
راجھ ہے جیب لگ سر گھامولیا　　ہم تم گھر ک کرنہہ بسرامون
دربن ساہ بھینٹ تہہ لاوا　　نکھول جوہ جھروکیں آوا
کھیلنہ دو او ساہ اور راجا　　ساہ کے رُخ دربن رہ ساجا
پیگ لبدھ پیادہ پا نوں　　چلی سونہہ تا کے کہیں ٹھانوں
گھوڑے ادے پھرجایں بند لاوا　　جہنہ مُہرا رُخ چہے سو پاوا
(فرزین)

راجا بیل دے سہ مانگا　　سہ دے ساہ پری جد کھانگا

پیلیہ پیلی دکھادا بھیو دھوں چو دانت
راجا چھپے بج دے بھا ساہ چھپے سہ مات

فارسی میں ضرب المثل ہے " ہمیں گوی است وہمیں چوگان "۔ اِس کا ترجمہ
ذیل کے شعر دل میں کیا گیا ہے ؎

پھر گورا بادل سوں کہا	گھن چھوٹ ین چاہے گہا
چھوں دس آوا لو یت بھانا ل	اب یہ گوئے یہی میدانو ل
دنہہ چوگان ترک کس کھیلا	ہوے کھلار رن جر دل اکیلا
تب باد ل بادل اس نانوں	جب میدان گوئے لے جادل

اردو میں الفاظ صحیحہ کے بعد کبھی الف، کبھی نون غنہ، کبھی واو اور کبھی " ال "
اور " وں " کا اضافہ کر لیتے ہیں اور کبھی برعکس صورت بھی اختیار کرتے ہیں
یہ قاعدہ عام ہے اور غیر زبانوں سے ماخوذ لفظوں کے ساتھ بھی یہ عمل کیا جاتا
ہے چنانچہ " میدان " سے " میدانوں " بنایا اسی طرح " دنیا " کی تخفیف " دُنی "
بھی لاتے ہیں ؎

سور نوای نو کھنڈ بھیے ساتہ دیپ دُنی سب نیے

یہ محض کچھ مثالیں اِدھر اُدھر سے نقل کی گئی ہیں۔ اب شروع کے کچھ بندوں
میں مستعمل عربی اور فارسی کے لفظوں کی فہرست دی جاتی ہے۔

بند نمبر	فارسی، عربی کے لفظ
۱۱	ایک (یک)۔ نانون (نام)۔ نہ۔ دو۔ وے۔
۱۲	چار (چہار)۔ صدق۔ صدیق دین۔ عدل ناٸوں۔ آیت۔ ایک۔ دو

بند نمبر	فارسی، عربی کے لفظ
۱۳	شیر۔ سلطانوں (سلطان)۔ چارہ۔ جات (ذات)۔ اسکندر ذوالقرنین شاہ۔ محتاج۔ نو۔ دُنی (دنیا)۔ پادشاہ نہ۔ ساہ (شاہ)۔ ساجا (= ساج = ساز)
۱۴	
۱۵	عدل۔ عادل۔ ساہ (شاہ)۔ دنیا۔ اک۔ دو کھیر۔ (تیر)۔ دربار۔ نوشیرواں۔ عمر (عمرؓ)
۱۶	نہ۔ سر۔
۱۷	حتیم (حاتم)۔ دربارا (دربار) دنیا۔ سلطان۔ نہ۔ ایک
۱۸	پیر۔ دستگیر۔ جہاں گیر۔ دے۔ مخدوم
۱۹	مرشد۔ پیر۔ دو۔
۲۰	دین۔ دُنی (دنیا)۔ روسن (روشن)، سُرکھرو (سرخرو) حضرت۔ خواجہ خضر۔

اوپر جو مثالیں دی گئی ہیں اُن سے یہ حقیقت بخوبی واضح ہو جاتی ہے کہ پد ماوت میں عربی فارسی کے الفاظ نایاب نہیں ہیں۔ البتہ اِس بات کا احساس قاری کو بار بار ہوتا ہے کہ باکمال شاعر نے اِن زبانوں کے عام طور سے اُن لفظوں کو صرف کیا ہے جو اُس زمانہ میں عام و خاص، میں رائج تھے۔ جو نیا لفظ اپنی ضرورت کیلیے اِن زبانوں سے اُس نے اخذ کیا ہے اُس کو بھی اودھی بھاکھا کے لب و لہجہ اور قرأت سے اِس قدر ہم آہنگ کر لیا ہے کہ ظاہر نظر میں اُس کی غرابت کا احساس نہیں ہوتا۔ اِس سے نہ صرف زبان پر اُس کی حاکمانہ قدرت کا ثبوت ملتا ہے

پہنچتا ہے بلکہ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ باکمال زبانوں کے مزاج کو بھی پہچانتے تھے اور یہ بہت بڑی بات ہے۔ پروفیسر سید حسن عسکری "پدماوت" کے سلسلے میں فرماتے ہیں:۔

"ملک محمد جائسی کی مشہور کتاب پدماوت کی بھاشا کو ڈاکٹر بابورام سکسینہ تلسی داس کی رامائن سے بھی زیادہ خالص اور بے میل بتاتے ہیں۔ گریرسن اسے آج سے تقریباً چار سو برس پہلے کی اودھ اور مشرقی ہندوستان کی زبان کا عکس یا آئینہ قرار دیتے ہیں۔ ایک زمانہ تھا جب مسلمانوں میں بھی اس کتاب کا بہت چرچا تھا۔ ملا عبد الشکور یا شکر اللہ بزمی نے تین ہزار سے زیادہ ابیات پر مشتمل ایک کتاب لکھی۔ جہانگیر کے نام معنون کی اور پدماوت نام دیا۔ حسین غزنوی میر عسکری، عاقل خاں رازی، حسام الدین، عبد الجلیل بلگرامی، ضیاء الدین عبرت اور اُن کے شریک کار غلام علی عشرت وغیرہ نے آج سے بہت قبل جائسی کی پدماوت سے متاثر ہو کر اور اس کے ڈھنگ پر مثنویاں لکھیں اور ایسی کتنی کتابیں لکھی گئی ہونگی جن کا ہمیں علم نہیں۔" (معاصر ۸۹/۴)

تلسی داس کا زمانہ ملک محمد جائسی سے قدرے بعد کا ہے لیکن اُن کے موضوع کی مذہبیت نے انھیں قدرتی طور پر الفاظ کے صحیح ترجمان (جو ظاہر ہے کہ قدیم بھی تھا) تلفظ کا اہتمام کرنے کی طرف مائل کیا ہوگا۔ اس میں اس بات کو بھی دخل ہو سکتا ہے کہ شاعر سنسکرت کا عالم تھا وہ اس زبان،

کی ایک مُو قر اور اہم تصنیف سے براہِ راست استفادہ بھی کر رہا تھا
"پدماوت" کے مصنف کا معاملہ مختلف تھا۔ اُس نے اِس بات کا اہتمام
کیا ہے کہ کوئی لفظ اُس کے زمانے میں جس طور سے زبانوں پر جاری رہا ہو
اُسی طور سے نظم کیا جائے چنانچہ وہ "نِشی" کو "نِس" "شروَن"
کو "سروَن" "گیتا" کو "گیس" اور "گیا" "اپدیش" کو "اپدیس"
اور "اُپدیا" نظم کرتا ہے۔ اِس لحاظ سے ملک محمد جائسی کی زبان قابلِ ترجیح
ہے۔ اِس سے اُس عہد کے تلفظ اور بول چال کا اندازہ بھی ہوتا ہے۔ زبان
کا سلیس اور قریب الفہم ہونا بھی کتاب کے غیر معمولی طور سے مقبول ہونے
کا سبب ہے۔

پدماوت کی زبان کو "خالص اور بے میل" کہا گیا ہے اِس کا مطلب
یہ ہرگز نہیں ہے۔ کہ اِس میں کسی دوسری زبان کا لفظ آیا ہی نہیں ہے اِس سے مراد
بس یہ ہے کہ اِس کتاب میں جو لفظ جس طرح آیا ہے اُس قدیم زمانے میں
وہ اُسی طرح اَودھی بھاکھا میں رائج تھا۔ خواہ اپنی اصل کے اعتبار سے وہ
سنسکرت کا ہو یا فارسی یا عربی کا ہو۔ اَودھی کی اپنی مخصوص آوازیں ہیں
اس کا اپنا لب و لہجہ ہے۔ اِس لیے یہاں جو لفظ جس طور پر رائج ہے وہی درست
اور قابلِ ترجیح بھی ہے خواہ اپنی اصل کے لحاظ سے اُس کا تلفظ کچھ اور ہی کیوں
نہ ہو۔ اِس موقع پر یہ وضاحت بھی مناسب ہے کہ "پدماوت" میں جو بھی
لفظ نظم ہوا ہے اُسے کسی دوسری جدید زبان مثلاً برج بھاشا، ہریانی، کھڑی

بولی یا دکنی سے متعلق اُس وقت تک تسلیم نہیں کیا جا سکتا جب تک اس کے لیے ان زبانوں میں کوئی قدیم تر سند نہ مل جائے۔ اِس موقع پر اس حقیقت کا اعادہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ عہدِ قدیم میں اَودھی بھاکھا میں جس پایے کی تصانیف ملتی ہیں کسی دوسری جدید بولی سے اُن کی نظیر نہیں پیش کی جا سکتی۔ یا کم از کم اب تک ہمارے علم میں نہیں ہے۔ اَودھی کی تصانیف ملک کے طول و عرض میں مقبول و معروف رہی ہیں اس لیے اِس بھاکھا کے لفظوں کا دہلی اور دکن میں بھی مل جانا بہت زیادہ قرینِ حقیقت ہے۔ یوں اصولاً پدماوت میں مستعمل ہر لفظ کو اودھی بھاکھا سے متعلق ہی خیال کرنا چاہیے۔ البتہ اگر کوئی قدیم تر سند اِس کے برخلاف ملے تو اس حقیقت کو بلا تامل تسلیم کیا جائے گا لیکن بے سند دعویٰ کی اہمیت تحقیق میں کچھ نہیں۔

پدماوت کی زبان کی ثقافت اور اہمیت مسلّم ہے اور اسی سبب سے اِس فرہنگ کی افادیت بھی ہے۔

فرہنگ

سنوروں آد ایک کرتا رو

(حمد کرتا ہوں اُس کردگار کی جو ایک ہے اور ہمیشہ سے ہے)

جہ جیو دینہ کینہ سنسارو

(جس نے ہم کو یہ زندگی عطا کی اور اس ساری کائنات کو خلق کیا)

(ا لف)

اَ = جب کسی صفت سے پہلے آئے تو نفی کے معنی دیتا ہے اور برعکس صفت ظاہر ہوتی ہے جیسے "اڈول" یعنی جو ڈولتا نہ ہو، نہ ہلنے والا، سخت۔ یہ مخفف ہے "اَن" کا۔ اودھی کا قاعدہ ہے کہ لفظ صحیح کے شروع اور آخر میں آنے والا حرف "الف" اور "ن" بعض مواقع پر حذف کر دیتے ہیں۔ یہاں بھی حرف "ن" محذوف ہے۔ کبھی اِس الف مفتوح کی جگہ الف ممدودہ بھی لاتے ہیں چنانچہ "اَمر" اور "آمر" دونوں طرح آیا ہے۔

دن دن بڈھے کہیں نہ ہوی ۔۔۔ پریت بیل کے آمر ہوی

اِ = اسم اشارہ قریب ہے بمعنی "یہ" اور لفظ "ای" یا "ایں" کا مخفف ہے "الف" اور "ن" کی طرح اِس یہاں "ی" اور "ی" کا سقوط بھی عموماً رائج ہے۔ اشعارِ ذیل میں "ایں، ای، اِ" تینوں کا صَرف دیکھا جاوے۔

اب جیو تہاں انہاں تن سوناں ۔۔۔ کب لگ رہی گھٹ پران یہوناں

انہیں بھانت بشٹ بہہ چھرے ۔۔۔ یہی کبہیں رادن سی ہرے

راجا تول جوگی ہوے کھیلا ۔۔۔ اِہی دیوس کنہ ہم بھئے چیلا

اُ = حسب قاعدہ مذکورہ "او" کا مخفف ہے بہ معنی "وہ" اور ضمیر واحد غایب بھی ہے۔

اپنی جیو کر لو بھے نہ موہے   پیم بار ہوی مانگوں اُو ہے

اِبرتھا = بیکار "برتھا" اور "برتھ" بھی آتا ہے ہندی میں واو کے ساتھ "ورتھ" کہتے ہیں۔

پیم کی آگ جرے جو کوی   تا کر دُکھ نہ ابرتھا ہوی

ابھرن آبرن = زیور، سنگار۔ دیکھو "بارہ ابھرن"

آپا = خود۔

گُنئیں نہ کوہی آپ سرا ہا   جو سو بِکاے کہا پے چاہا

آپانان = خود کا۔ اِس کے مخففات اودھی کے قاعدہ کے مطابق اِس طرح آتے ہیں۔

اپانا، اپان، آپن، آپنا، اپنا، اَپن

اودھی اور اُردو دونوں زبانوں میں ایک جملہ میں ایک ہی ضمیر کو ایک سے زاید بار معمولاً نہیں لاتے بلکہ اُس کی جگہ "اپنا" لاتے ہیں مثلاً "میں اپنا قلم لایا" میں "اپنا" قایم مقام ہے "میرا" کا اودھی میں اِس لفظ کی مذکورہ سب صورتیں رایج ہیں۔

زنک دوسر برج ہیو روٹھا   جو ہیو آپن کہے سو جھوٹھا

لیکن جدید اُردو میں صرف "اپنا" مستعمل ہے اور سب متروک ہیں۔

اُپجے، اُپیچے = اُگے، پیدا ہو۔ ج اور چ ایک دوسرے کے ساتھ اکثر تبدیل ہوتے ہیں چنانچہ پنج اور پنچ (پانچ) میں بھی ہے۔

یانی مانجھ سمانی جوتی — یانی اوپجے مانک موتی

اُپکار = کوشش، تدبیر

مانگنہ سب بدھناں سیوں رو ی — کے اُپکار جیٔرا دے کوی

آپی = آپ ہی، خود ہی ۔۔ "ہی" کے "ہ" کا لفظ ماقبل کے حرفِ آخر کے ساتھ وصل، اساتذۂ لکھنؤ نے درست سمجھا ہے۔ میر علی اوسط رشک نے "اور ہی" کے مقام پر "اوری" نظم کیا ہے۔ اپنے لغت میں انھوں نے "آپہی" کو جگہ دی ہے۔ (نفس اللغت ص ۱)

پروفیسر مسعود حسین خاں کہتے ہیں کہ "اپی پانی پت اور کرنال میں سنائی دیتا ہے" (مقدمہ تاریخ زبان اردو ص ۲۶۰) ممکن ہے کہ اب وہاں بھی لوگ ایسا بولتے ہوں۔

جاگنہ دیا دشٹ کے آپی — ھو ا سونین دنیہ بدھ جپاتی

اَت = بہت زیادہ۔

اتا ترل نہ جاے لیکھا — جب درپن منہ درسن دیکھا

اِتا، ایت = اس قدر۔ اس کی ارتقائی صورت "اِتنا" بھی ہے اسی طرح اِتیا، اِتا، اِتین، اِتن، اَیتنا، آتنا کہا گیا ہے:۔

"لفظ تا یعنی حرف تا و نون و الف ساکن یا لفظ تا دلالت کرتا ہے مقدار پر جیسا اِتنا، اِتا" (رسالہ گلکرسٹ ص ۱۱)

صحیح یہ ہے کہ مقدار کے اظہار کے لیے حرف "ت" آتا ہے اور اسی پر الف اور "ن" کے اضافہ سے مختلف صورتیں وجود پاتی ہیں یعنی: تا، تن، تنا۔ چنانچہ اِت، ایت یا اِتنا میں اسم اشارہ قریب "اِ یا اِی" علامات مذکورہ سے پہلے لاتے ہیں، کتنا، جتنا اور کِتّا، جِتّا کا بھی یہی معاملہ ہے۔ تعجب ہے پروفیسر مسعود حسین خاں فرماتے ہیں:۔

"اِتا، جِتا جہلا میں عام مستعمل ہے"۔ مقدمہ تاریخ زبان اردو ص ۲۶۰

اودھی میں اس نوعیت کے لفظوں کی سب صورتیں مستعمل ہیں لیکن جدید اردو میں بجز اتنا، جتنا کے سب متروک ہیں۔

تمہ سکھیا اپنے گھر راجا   ایت دکھ جو سہو کہ کاجا

اُت = اُتنا یا اُتا بھی اصول بالا کے مطابق ہے۔

اَجان = انجان، نامعلوم دیکھو "آ"

کوی چندن پھولنہ جن بھولے   کوی اجان پر واتل بھوے

اُچارہ = اُچاڑ۔ اکھاڑ۔ کیفیت یہ ہے کہ اودھی میں "چ" کی تبدیلی "ک" کے ساتھ ہوتی ہے چنانچہ "اکھاڑ" جدید تر تلفظ ہے جو اردو میں رائج ہوا۔

کدمہ سو نہہ ہوے میمنتا   بھپاڑ دل سونڈ او چارہ دنتا

اِچّھا ایچھا = خواہش۔ اصل اس کی اکیچھا یا اکشا ہے۔ حرف "ش" کی جگہ "چ" لے لیتا ہے۔

جو اچھا من کینہ سو جیوا   یہ پچھتاو، چاہو نہ پیوا

آچھر = حرف - دیکھو "آکھر"

آچھر پری

سیو کر نہہ داسی چہو پاس
اچھر یں جان اندر گیلا ساں

آچھے، اچھے = پروفیسر مسعود حسین خاں فرماتے ہیں :-

"اچھنا (سب رس) بمعنی ہونا، عام طور سے دکنی میں ملتا ہے
دہلی کے مضافات کی جو قدیم بولی دکن لے جائی گئی ہے اس میں فعل
"اچھنا" ہے اور "اہے" کے ساتھ ساتھ مستعمل تھا اچھنا قدیم و
جدید راجستھانی اور گجراتی میں ملتا ہے اور یہ اپ بھرنش کا عام
مستعمل لفظ تھا جو اکثر بولیوں میں اب متروک ہو گیا ہے۔"

(مقدمہ تاریخ زبان اُردو ص ۲۲۶)

اُن تمام امور کے لیے جو اس اقتباس میں مذکور ہوئے سند ہمیں مل گئی اردو
میں یہ لفظ مختلف معنوں میں آتا رہا ہے چنانچہ "رہے" کے معنی
میں ہے سہ

کمندان کہہ جو بن تھ پا نہاں
جو اچھے ہیو کی سکد چھا نہاں

"ہے" اور "ہیں" کی جگہ پر بھی آیا ہے سہ

رہے دیہہ جو گڈھ تر میلے
جو گی گت اچھے پن کھیلے

علامت ماضی "تھا" کے بدل کی حیثیت سے سہ

ستو اگو پوچھو پنکھ منشا امریں
چلن دیکھ آچھے من ماریں

"سکتا" اور "سکے" کے مقام پر سہ

نسیجین یہ وہ کارن نپا   پہ مل ہیم نہ آچھی چھپا

آد = شروع، ابتدا، میانہ آ پہلے اور ہمیشہ کے معنی میں بھی آیا ہے

ہوا سیوک تمہ آدگسائیں   سیوا کر دل جیو جیت نائیں

آدر = عزت۔

آدھ، اَدھ = آدھا، نصف۔

اَدھبجر = آدھ تپلا، آدھا جلا ہوا

آدھبجر بھئی انس تن سوکھا   لاگیو یہ کال ہو سنہ بھوکھا

آدھار، آدھا = سہارا، تکیہ، انحصار۔

آنت سروپ اوات سکواری   پان پھول کے مہنہ ادھاری

اَدھر = ہونٹھ، لب

مُلھسے نین ورس مدھ ماتی   مُلھسے آدھر رنگ رس راتی

اَدِھک = زیادہ۔

آدھک کام دگدھی سو کا ہا   ہرے سو آگیو بپہنا ماں

اُڈینی، اُڑینی = (اُڑنے والی) جگنو

کوندھت اہ جس بھادوں رینی   سیام ریت جن چلے اوڈینی

اَرتھ = مفہوم، مطلب۔

اَک اک بول ارتھ چوگناں   اندر موہ برنہیا سر وجناں

ارگھا، اَگھائی = دایرہ نما، لہردار۔

بھنور کیس وہ مالت رانیں   لہر لہر لینہ ارگھا نیں

اَرداس = اصل اِس کی عرض داشت ہے یعنی عرضی، درخواست۔

یہ پدھ وُھبل دینہ تیت تائیں دہلی کی ارداسیں آئیں

ارنبھ، آرنبھ = شروع، آغاز

سخن تو ہے سبیا رس آہے کتھا آرنبھ میں کب سے کچھ

اَرے، رے = کلمۂ خطاب ہے۔

راجین کہا رے مرگ سندیں اُتر آرے مِل مہ دیسی

اُساس (اُسانس) لغت میں لمبی سانس کو کہتے ہیں لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ

ایک ہی لفظ کی دو صورتیں ہیں۔

من تے اگمن ڈولے یاگا لیت اُساس گگن سر لاگا

اَس، اَیس = "مخفف ایسا کا ہے" (پدماوت ص ۱۱) حرف

دلالت کرتا ہے تشبیہ پر (رسالہ گلکرسٹ ص ۱۱) اور مخفف

اِس کا حرف نہیں ہے چنانچہ جیسا، جیسا، کیسا، کیسا وغیرہ میں

ہے اردو میں یہ الفاظ الف آخر کے حذف کے ساتھ نہیں آتے ہیں۔

ایس جان من گر میں نہ ہوتی گیو کرے من با دو سوی

اَست = ڈوبا ہوا۔ جاتا "غدا خدا کرکے" کے معنی بھی لیے گئے ہیں

است است کے پانی نکلا آگیں ملن کلک سب پیلا

اَست اَست = مبارک مبارک۔

دیکھ سورج پر کھول منجو کو است است بولا سب لوگو

اَشُشٹ = تقریباً۔ ہندی میں الف اول کے حذف کے ساتھ

بھی آیا ہے۔

بھوگ بلاس تبھی کچھ پادا کہاں جییہہ تس استہ آدا

اِستری : عورت

جگت استری دیکھی مہدوں اُدوئی است اس نا رنہ کہوں

اَسیس : دعا

اہی جنم پتری جو لکھی دئی اسیس بپیرے جو تکھی

اِک = مخفف ہے "ایک" کا اور بہ اضافۂ الف اول تبدیل عنہ ہے
"یک" کا جو اصلاً فارسی ہے۔ اور بھی اور اُردو میں تینوں صورتیں
مستعمل ہیں۔

اکاس، آکاس = ہندی آکاش، آسمان

بھا کل کل اس بھیڑ ہوا جن اکاس ٹوٹے چھنہ اوندا

اَگھر = حیرت۔ اصل اس کی آکشر دشمین قریشت کے ساتھ ہے جو تبدیل
ہو کر اچھر اور "اچھر" ہو جاتا ہے۔ آخرالذکر صورت بھی تپدماوت
میں ملتی ہے اور یہ جدید ہندی میں بھی مستعمل ہے۔

پاتی لکھی سندر تمہ تا ماں رکت نیکھے اکھر بھئے سیالا

آگ = آتش، اور مجازاً سوزش اور جلن کے معنی میں آیا ہے

آگ بزیرے آگ پہ سو جھا جرت رہنہ نہ بجھاے بوجھا

اصل اس لفظ کی "اگنی" یا "اگن" ہے اور یہ بھی "پدماوت" میں
آیا ہے۔

اوتھنہ دیپ تپنگ ہوئی پیا ۔ اگن بھاڑ یانو دے جیا

